# 16-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ مالی مشکلوں کے باوجود عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کیا جارہا ہے۔

۲۔راجیویوواوکسم اسکیم کے لئے درخواستیں کل سے شروع ہوں گی۔جس کے تحت حکومت اقلیتوں،ایس سی،ایس ٹی اور بی سی طبقہ کے بیروزگار نوجوانوں کو 3 لاکھ روپے تک کے خودروزگار قرض دے گی۔

۳۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے دیہاتوں میں جو ترقی ہورہی ہے اس کی فنڈنگ مرکزی حکومت کررہی ہے۔

اور

۴۔سری سیلم لفٹ بینک کینال میں 22 فروری سے پھنسے ہوئے 7 لوگوں کا پتہ لگانے کے لئے سرچ آپریشن سرنگ کے اندر ٹیموں اورآلات کی تعیناتی کے ذریعہ تیز ہوگیا ہے۔

IIT:

انڈین انسٹیٹیوٹ آف تکنالوجی حیدرآباد ہاف میراتھن 2025ء کا پوسٹر آج جاری کیا گیا۔انسٹیٹیوٹ کے ڈائرکٹر پروفیسر بی ایس مورتی کہا کہ اس سے پہلے ہونے والی ہاف میراتھن میں الگ الگ گوشوں سے 1500 سے زیادہ لوگوں نے حصہ لیا۔ اس مرتبہ 30 نومبر کو دوسری ہاف میراتھن ہوگی جس کا عنوان United We Run, Innovate We Rise ہے

RAJA NARASIMHA:

ریاست کے وزیر صحت وطبابت دامودھر راج نرسمہا نے کارپوریٹ ہاؤسس سے کہا ہے کہ وہ ٹی بی کے مریضوں کو تغذیہ بخش غذائیں فراہم کرنے کے لئے آگے آئیں۔تلنگانہ سرجیکل آئٹمس مینوفیکچررس اسوسی ایشن کی طرف سے وزیر کو 25 لاکھ روپے کا چک حوالہ کیا گیا تاکہ ٹی بی کے مریضوں کو فوڈ کٹس فراہم کی جاسکے۔وزیر نے کہا کہ اسوسی ایشن کی طرف سے دئے گئے سی ایس آر فنڈس 6 مہینوں سے پداپلی ضلع میں ٹی بی کے مریضوں کو مفت تغذیہ بخش خوراک فراہم کرنے کیلئے خرچ کئے جارہے ہیں۔

SLBC:

22 فروری سے سری سیلم لفٹ بینک کنال میں پھنسے ہوئے 7 لوگوں کا پتہ لگانے کے لئے سرچ آپریشن تیز کردیا گیا ہے اور ٹیمیں اور آلات کو آج سرنگ کے اندر لے جایا گیا۔مٹی ہٹانے کے لئے ایک خودکار ہائیڈرولک روبوٹ کا استعمال کیا جارہا

ہے۔اس کے علاوہ 30 ایچ پی گنجائش والا لکوڈ رنگ ویکیوم پمپ اور ویکیوم ٹینک مشین بھی اتارے گئے جن سے سرنگ کے اندر مٹی اور دوسرے ملبہ کو جلد سے جلد ہٹانے میں مدد ملے گی۔ایک کنویئر بلٹ استعمال کرتے ہوئے سرنگ سے ہر گھنٹہ اندازاً 620 کیوبک میٹر مٹی اور کچرہ ہٹایا جاسکتا ہے۔فوج، این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف انسانی اعضاء کا پتہ لگانے والے کتے، سنگارینی کالریز حیدرآباد کی ایک روبوٹکس کمپنی اور دوسری ایجنسیاں اس مشن میں مصروف ہیں۔ یہ سرچ آپریشن رات دن جاری ہے جس کے دوران پانی نکالنے کی بھی کوششیں بھی کی جارہی ہیں۔

OSMANIA:

عثمانیہ یونیورسٹی نے ایک سرکولر جاری کرتے ہوئے اس کے محکموں، کالجوں، سنٹرس اور انتظامی عمارتوں میں ایجی ٹیشن، دھرنوں اور مظاہروں پر پابندی لگادی ہے۔ یہ فیصلہ ایسی سرگرمیوں کی وجہ سے ہونے والی خلل اندازیوں کے سبب کیا گیا ہے جن سے یونیورسٹی کی پرسکون کارکردگی متاثر ہورہی ہے، انتظامی تاخیر ہورہی ہے، تعلیمی پیشرفت متاثر ہورہی ہے اور بعض اوقات سیکورٹی تشویش پیدا ہورہی ہے۔

CM - JANGAM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ مالی مسائل کے باوجود عوام سے کیئے گئے وعدوں کو پورا کیا جارہا ہے۔وزیراعلیٰ نے آج جنگاؤں ضلع میں اسٹیشن گھن پور کے مقام پر 800 کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی کاموں کیلئے سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر شیونی پلی میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کے سی آر نے تلنگانہ کی امیر ریاست کا دیوالیہ نکال دیا۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت پچھلی بی آر ایس حکومت کی طرف سے تھوپے گئے قرضوں اور سود کو چکانے کیلئے مجبور ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر حکومت نے رعیّتو بندھو کو نظر انداز کردیا تھا اور ان کی حکومت نے رعیّتو بندھو کے تحت 7200 کروڑ روپے دیئے ہیں۔

CM BYTE

وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے لوک سبھا چناؤ کے دوران کیئے گئے اس وعدہ کو پورا کیا ہے کہ ورنگل میں ایک ایرپورٹ لایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم نے قاضی پیٹ میں ریلوے کوچ فیکٹری کو بھی حاصل کیا ہے۔اس سے پہلے ریونت ریڈی نے اسٹیشن گھن پور میں اینٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کمپلیکس کی تعمیر، 100 بستروں والے ہاسپٹل کی تعمیر، اینٹی گریٹیڈ ڈویژنل آفس کمپلیکس کی تعمیر، پنچایت راج بی ٹی روڈس، ایک ڈگری کالج کی تعمیر کیلئے سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے مہیلا شکتی اسکیم کے تحت آر ٹی سی بسیں شروع کیں اور بینک سے مربوط قرض تقسیم کئے۔

PONGULETI:

ریاستی وزیر مال و ہاؤزنگ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اِلندومنڈل کا دورہ کیا اور کئی ترقیاتی پراجکٹس کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر نے 9 کروڑ مالیت کے بی ٹی روڈ کاموں کیلئے بھی سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر نے بھیلیے گاؤں 83 گھروں کیلئے بھومی پوجا انجام دی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ہر حلقہ میں فی کس 200 کروڑ روپے کے خرچ سے عالمی معیار کے انٹی گریٹیڈ اسکولس قائم کئے جائیں گے۔ پنگولیٹی نے کہا کہ اس مہینہ کے ختم تک ریاست کے ہر حلقہ میں 3500 اندراماں مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔

Sound Byte PONGULETI

SANJAY:

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے دیہاتوں میں ہونے والی تمام ترقی مرکزی حکومت کی فنڈنگ سے ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس بارے میں تفصیلی معلومات دیں گے کہ مرکز سے ہر ضلع کو کتنی مالی مدد ملی ہے اور اس کے لئے پمپلٹ تقسیم کئے جائیں گے اور دیہاتوں میں فلیکس بیانرس لگائے جائیں گے۔ بی جے پی قائدین اور کارکنوں سے راجنا سرسلہ ضلع کے چرچہ ٹاؤن میں خاطب کرتے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت نے نظام تعلیم کو ایجوکیشن کمیشن کے نام پر اربن نکسل کے حوالہ کردیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ حکومت حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کی 400 ایکر زمین کو نیلام کررہی ہے اور کنٹراکٹرس سے 20 فیصد کمیشن لے رہی ہے۔ انہوں نے 15 مہینوں میں 1.5 لاکھ کروڑ روپے قرض لینے کے لئے حکومت پر تنقید کی اور دعویٰ کیا کہ عوام سے کئے گئے وعدے پورے کرنے کے لئے اور تنخواہیں ادا کرنے کے لئے فنڈس نہیں ہیں۔

Sound Byte Sanjay

KTR:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے عثمانیہ یونیورسٹی میں احتجاج پر پابندی لگانے کے کانگریس حکومت کے فیصلہ کی مذمت کی ہے اور اسے جمہوریت پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت جمہوری حقوق اور احتجاج کے حق کو سر بلند رکھنے کا اپنا وعدہ توڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قدم طلبہ کے احتجاج کے خلاف ایک شیطانی حرکت ہے۔ ایک بیان میں راما راؤ نے یاد دلایا کہ کانگریس نے اپنے منشور میں وعدہ کیا تھا کہ وہ احتجاج کے حق کی حفاظت کرے گی لیکن طالب علموں کی آواز کو کچل رہی ہے۔ انہوں نے اس پابندی کا تقابل اندرا گاندھی کی ایمرجنسی کے دور سے کیا۔

RUVS:

راجیو یووا وکسم اسکیم کے تحت درخواستوں کا عمل کل شروع ہوگا جس کے تحت اقلیتوں ، ایس سی ، ایس ٹی ، بی سی طبقہ کے بیروزگار نوجوانوں کو 3 لاکھ روپے تک کے خود روزگار قرض منظور کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس کا افتتاح کریں گے۔ امیدوار 5 اپریل تک OBMMS آن لائن پورٹل پر درخواستیں داخل کر سکتے ہیں۔ قرضوں پر 60 سے 80 فیصد کی سبسیڈی دی جائے گی۔ تقریباً 5 لاکھ لوگوں کو 76 ہزار کروڑ روپے کے قرض دیے جائیں گے۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج صبح راجیو یووا وکسم اسکیم کے بارے میں حیدرآباد کے پرجا بھون میں جائزہ اجلاس رکھا۔ اسکیم کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ایس سی، ایس ٹی اور میناریٹی کارپوریشنس کے صدورنشین میٹنگ میں موجود تھے۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر اور تلنگانہ بی جے پی کے صدر جی کشن ریڈی نے پچھلے دو مہینوں سے انتشار کی سیاست کرنے پر تاملناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن اور ڈی ایم کے پارٹی پر تنقید کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وہ یہ جھوٹا دعویٰ کررہے ہیں کہ مرکزی حکومت جنوبی ہند کے خلاف سازش کررہی ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے جنوبی ہند کی اہم شخصیتوں کے ساتھ میٹنگ کے ڈی ایم کے کے اعلان کو سیاسی محرکات اور بدنیتی پر مبنی قرار دیا۔ ریڈی نے قومی تعلیمی پالیسی اور حلقوں کی حد بندی کے بارے میں ڈی ایم کے اور کانگریس کے موقف پر تنقید کی اور اسے سیاسی دیوالیہ پن کا ثبوت قرار دیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ڈی ایم کے اور کانگریس عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے سیاسی ڈرامے کررہے ہیں۔ ریڈی نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی کوئی نئی نہیں ہے اور 1986ء میں کانگریس حکومت نے اسے پیش کیا تھا جب ڈی ایم کے کانگریس کے ساتھ تھی۔ انہوں نے کہا کہ تین زبانی فارمولہ بھی انگریزوں کے دور میں پیش کیا گیا تھا اور بعد میں کوٹھاری کمیٹی کے ذریعہ کانگریس کے دور میں اسے مضبوط کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی مودی نے شروع نہیں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کبھی بھی کسی ریاست پر ہندی کو نہیں تھوپا ہے۔

VACCINATION -DAY

ٹیکہ اندازی کا قومی دن آج ملک بھر میں منایا گیا۔ ٹیکہ اندازی کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے ہر سال 16 مارچ کو یہ دن منایا جاتا ہے۔ وزارتِ صحت نے سوشیل میڈیا کے ایک پوسٹ میں بتایا کہ ہر بچہ کی حفاظت کے حوالہ سے ٹیکہ اندازی بہت اہمیت رکھتی ہے۔ وزارتِ صحت ریاستی حکومتوں اور ہیلتھ ورکرس کے ساتھ بچوں کی قوتِ مدافعت بڑھانے کی پابند ہے۔

WAQF

تلنگانہ وقف بورڈ نے عوامی شکایتوں کو دور کرنے کے لئے ایک Grievance سیل قائم کیا ہے۔ یہ سیل ہر ہفتہ کو حج ہاؤس نامپلی میں دن کے ساڑھے دس سے ایک بجے کے درمیان وقف بورڈ سی او کے دفتر میں کام کرے گا۔ وقف بورڈ کا پرجاوانی سیکشن اس نئے سیل کی دیکھ بھال کرے گا۔ سیل میں لوگوں کی مدد کے لئے سینئر عہدیداروں، اکاؤنٹ آفیسرس اور لاء آفیسرس کی ایک ٹیم ہوگی۔

٭٭